فوری ریلیز کے لیے: 21/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کا پین سٹیشن کو نئے سرے سے ڈیزائن کرنے کے کام کا اعلان کیا جس کا آئندہ مہینوں میں شروع ہونا متوقع ہے

نئے سٹیشن کے ڈیزائن و انجینیئرنگ کے لیے MTA کے ساتھ ٹھیکے سے پین سٹیشن کا ایک عالمی معیار کی، کشادہ عمارت کے طور پر مستقبل زیرِ توجہ آئے گا

بھیڑ بھاڑ کو ختم کرنے اور حفاظت اور رسائی کو بہتر بنانے کے لیے سیٹ کا دوبارہ ڈیزائن

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی نے، NJ TRANSIT اور Amtrak کے ساتھ شراکت داری میں، FXCollaborative Architects LLP اور WSP USA Inc. کی قیادت میں ایک مشترکہ کمپنی کے ساتھ پین سٹیشن کو دوبارہ ڈیزائن کرنے کے ایک معاہدے کی منظوری دی ہے، جس میں مشہور برطانوی نقشہ نویس John McAslan اور ان کے ساتھی بطور معاون نقشہ نویس کام کریں گے۔ McAslan اور ان کے ساتھیوں نے لندن کے تاریخی کنگز کراس سٹیشن کی سنہ 2012 کی تبدیلی کو ڈیزائن کیا تھا، جس میں روانگی کا ایک 165 گز طویل نیم دائروی اجتماعی مقام بنایا جو علاقائی اور انٹرسٹی ریل روڈز کو ایک دوسرے کے ساتھ اور لندن انڈر گراؤنڈ کے ساتھ مربوط کرتا ہے جبکہ 1،000 شیشہ دار اور دھندلے تکونے چھت کے پینلز کے ذریعے آسمان سے قدرتی روشنی کو گزر کر نیچے آنے دیتا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "جب سے عملے نے سنہ 1963 میں اصل پین سٹیشن کو منہدم کیا ہے، نیو یارک کے لوگوں کی نسلیں نیو یارک کے لائق ایک نیا سٹیشن بنانے کے لیے متحد رہی ہیں۔ پین سٹیشن کو دوبارہ ڈیزائن کرنے کے معاہدے کی منظوری دے کر، ہم اسے مکمل کرنے کے لیے ایک اور قدم آگے بڑھاتے ہیں۔ پین میں تبدیلی اتنی جلد نہیں آ سکتی، اور ہم ایک عالمی معیار کا سٹیشن بنانے کے منتظر ہیں جو نیو یارک کے مکینوں کو اولیت دیتا ہو، سواریوں کے لیے باسہولت سفری تجربہ فراہم کرتا ہو، اور ایک بہترین پڑوس ہو جس کے وہ مستحق ہیں"۔

FXCollaborative اور WSP کے مشترکہ کاروباری ادارے نے پین سٹیشن ماسٹر پلان کو تیار کیا تھا جو پچھلے سال منظر عام پر آیا جس میں متبادلوں کا تخمینہ لگایا اور پین سٹیشن کے لیے ایک واحد سطح کی سہولت کے طور پر ترجیحی دوبارہ ڈیزائن کا منصوبہ بنایا جس کا مرکز ایک عظیم الشان ٹرین ہال کے گرد ہے جس میں میڈیسن اسکوائر گارڈن اور 2 پین پلازہ کے درمیان 450 فٹ لمبا آسمانی روشنی والا اوطاق ہے۔ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA) کے معاہدے کے ذریعے طلب کردہ ڈیزائن اس ترجیحی متبادل کو آگے بڑھائے گا اور:

- ہجوم کو ہٹائے گا اور مسافروں کی روانی اور واقفیت کو بہتر بنائے گا
- پلیٹ فارم اور سٹیشن سے نکلنے اور رسائی میں اضافہ کرکے حفاظت کو بہتر بنائے گا
- وسیع اجتماعی مقامات اور اونچی چھتوں کے ساتھ تنگ، منقطع گردش والے علاقوں پر بوجھ کم کرے گا
- ایک واضح گلی بنائے گا جو ارد گرد کے ماحول کے ساتھ مربوط ہو
- خوردہ اور دیگر محصولات کی وصولی کو بہتر بنائے گا

- پین سٹیشن کو موئنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall) اور منصوبہ بند پین سٹیشن کی توسیع کے ساتھ مربوط کرے گا

MTA کے چیئرمین اور سی ای او، Janno Lieber نے کہا، "ڈیزائن کا ٹھیکہ دینا گورنر Hochul کی پین سٹیشن کو ایک بار پھر - ایک محفوظ، عالمی معیار کی سفری سہولت بنانے کی کوشش میں ایک بہت بڑا قدم ہے۔ کام جارحانہ نظام الاوقات پر ہو گا۔ صرف چند ماہ میں گرینڈ سینٹرل میڈیسن کا افتتاح ہمیں پین سٹیشن کی تعمیرِ نو کرنے کا صدی میں ایک بار ملنے والا موقع فراہم کرتا ہے۔ لانگ آئی لینڈ ریل روڈ (Long Island Rail Road, LIRR) کی سواریوں کے ایک بڑی شرح فیصد کے ساتھ توقع ہے کہ وہ اپنے پھیروں کو گرینڈ سینٹرل میڈیسن منتقل کر دیں گے، سنہ 2027 تک میٹرو-نارتھ ریل روڈ پر صارفین کی نئی آمد سے پہلے پین سٹیشن کے پاس صارفین کی کم تعداد والے پانچ سال ہوں گے۔ MTA اُس سے پہلے پہلے سب سے زیادہ خلل ڈالنے والے کام کو انجام دینا چاہتا ہے، اس لیے میں بہت خوش ہوں کہ ہم اس بڑی، طویل عرصے سے تاخیر کی شکار کوشش کے ڈیزائن کے مرحلے میں تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "پین سٹیشن کا طویل عرصے سے التوا کا شکار احیاء اس کے آس پاس کے علاقے کے اندر نئی سرمایہ کاری اور ترقی کے لیے ایک زبردست عمل انگیز ہو گا، جس سے رہائشیوں، مسافروں اور مہمانوں کو فائدہ پہنچے گا۔ ملک کے مصروف ترین سفری مرکز کے طور پر، ہمارے خطے کا معاشی مستقبل پین پر انحصار کرتا ہے، اور سٹیشن کو دوبارہ ڈیزائن کرنے کے لیے ٹیم کا انتخاب کرنا پین اور اس کے ارد گرد موجود عوامی دائرے دونوں کو بہتر بنانے کی گورنر Hochul کی بصیرت کے مطابق کامیابی کے حصول کی جانب ایک اور اہم سنگ میل ہے"۔

MTA تعمیر و ترقی کے صدر Jamie Torres-Springer نے کہا، "ہم ایک ایسی ٹیم کی سفارش کرتے ہوئے پُرجوش ہیں جس کے پاس ایسے منصوبوں کی ڈیزائننگ کا سابقہ ریکارڈ ہے جو حفاظت کو بہتر بنانے اور قابلِ تعمیر ہونے کے ساتھ ساتھ عالمی معیار کے ڈیزائن میں امتیاز کے حامل ہیں، جو اس وقت ہماری توجہ کا واحد مرکز ہے جب ہم آخر کار پین سٹیشن کی 600,000 یومیہ سواریوں کو ویسا سٹیشن دینا چاہتے ہیں جس کے وہ مستحق ہیں"۔

ایمٹرک بورڈ کے چیئرمین Tony Coscia نے کہا، "یہ قدم ایمٹرک کے مسافروں، نیو یارک اور نیو جرسی کے مسافروں، اور مقامی باشندوں کو اکیسویں صدی کے لیے ایک نئے پین سٹیشن کے قریب لاتا ہے۔ پین میں پہلے سے جاری بہتریوں کی بنیاد پر، یہ ڈیزائن کی کوشش تینوں ریل روڈز کو پین سٹیشن کی تعمیرِ نو کے لیے ایک مشترکہ، حقیقت پسندانہ، اور قابلِ حصول منصوبہ تیار کرنے میں مدد دے گی جبکہ ٹرین کے جاری آپریشن اور گیٹ وے پروگرام کی سرمایہ کاری کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کو یقینی بنائے گی۔ ہم گورنرز Hochul اور Murphy کا ان کی قیادت اور شراکت داری کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں اور نیو یارک کے پین سٹیشن کو عالمی معیار کے جدید ترین ٹرین سٹیشن میں تبدیل کرتے ہوئے مزید تعاون کے منتظر ہیں"۔

نیو یارک سٹی کے میئر Eric Adams نے کہا، "پین سٹیشن کو ٹھیک کرنے کا وقت آ گیا ہے، اور یہ درست سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ نیو یارک سٹی 21 ویں صدی کے سفری مرکز کا اتنا ہی مستحق ہے جتنا کہ شہر، اور ہم پین سٹیشن کو دوبارہ تعمیر کرنے اور مضافاتی علاقے کو نئی زندگی دینے کے لیے نسلوں میں ایک بار ملنے والے موقعے سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ہماری انتظامیہ 'کام مکمل کرنے' کے لیے ہمارے ریاستی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھے گی"۔

ڈیزائن کے جوائنٹ وینچر کے لیے تجویز ایک کھلے، مسابقتی تجاویز کے لیے درخواست کے عمل کی پیروی کرتی ہے جس کی وسیع پیمانے پر تشہیر کی گئی اور 106 پری کوالیفائیڈ فرموں کو بھیجی گئی اور فرموں اور مشترکہ منصوبوں کی طرف سے پانچ تجاویز نے راغب کیا گیا جن کا MTA تعمیر و ترقی، Amtrak، اور NJ TRANSITکے نمائندوں نے جائزہ لیا اور انہیں نمبر دیئے، اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور نیو یارک سٹی اکنامک ڈیویلپمنٹ کارپوریشن کے اضافی نمائندوں پر مشتمل ایک تکنیکی مشاورتی کمیٹی نے معاونت کی۔

$57.9 ملین تک کا بنیادی ٹھیکہ سٹیشن کا ابتدائی ڈیزائن تیار کرے گا اور ایک سال تک جاری رہے گا۔ اس ٹھیکے میں قریبی سب وے سٹیشنوں میں بہتری کے لیے ابتدائی ڈیزائن اور سٹیشن کی تعمیرِ نو کے آگے بڑھنے پر ڈیزائن اور انجینئرنگ معاونت کے اختیارات شامل ہیں۔

مصدقہ پسماندہ کاروباری اداروں (Disadvantaged Business Enterprises, DBE) کی نشوونما اور ترقی کی حوصلہ افزائی کے لیے MTA کے جارحانہ ملک کے ممتاز پروگرام کو مدنظر رکھتے ہوئے، MTA کے محکمۂ تنوع اور شہری حقوق نے ٹھیکے کے لیے DBE ہدف کا 22.5 فیصد مقرر کیا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418